28-05-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---------------------------------------------------------

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بدعنوانی کے تئیں حکومت کی قطعی برداشت نہ کرنے کی پالیسی کی بدولت بڑے بدعنوان قانون کا سامنا کررہے ہیں۔

2 لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے سیاسی پارٹیوں نے اپنی مہم تیز کردی ہے۔

3 سرکردہ عالمی مالی بینک Goldman Sachs نے سال 2024 کیلئے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP چھ اعشاریہ 7 فیصد تک رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

4 بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ شمال مغربی اور وسطی بھارت کو اگلے تین دن میں گرمی سے راحت ملے گی۔

5 اور ٹینس میں:

روہن بوپنا اور Yuki Bhambri آج پیرس میں فرینچ اوپن کے مردوں کے ڈبلز میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Interview

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت کی بدعنوانی کے تئیں قطعی برداشت نہ کرنے کی پالیسی کی بدولت بڑے بدعنوان قانون کا سامنا کررہے ہیں۔ ایک نیوز ایجنسی کو انٹرویو کے دوران وزیر اعظم نے کہا کہ جب بڑے بدعنوان لوگ گرفت میں آرہے ہیں تو مفاد پرست عناصر کی جانب سے سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔ سرکاری مشینریوں کی جانب سے تفتیش کے بارے میں بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد قطعی برداشت نہ کرنے پر مبنی ہے اور حکومت ثبوت پر مبنی کارروائی کو یقینی بنائے گی۔

*S/B - PM Interview*

جناب مودی نے کہا کہ انھوں نے پالیسی پر مبنی حکمرانی پر توجہ دی ہے۔ انھوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ حکومت کے ہر فیصلے میں ملک کو ترجیح دی جاتی ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ راست فائدے کی منتقلی کے ذریعے لوگوں کو 38 لاکھ کروڑ سے زیادہ روپے منتقل کئے گئے ہیں۔ انھوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ آتم نربھر بھارت وژن کا مقصد یہ ہے کہ ملک کے اندر ذہین اور باصلاحیت لوگوں کو فروغ دیا جائے اور روزگار کو بڑھایا جائے۔ جناب مودی نے نئی نسل کی امنگوں کو سمجھنے کی ضرورت پر زور دیا اور اس بات کی ضرورت پر بھی زور دیا کہ انھیں اہم پلیٹ فارم فراہم کئے جائیں، تاکہ وہ اپنے خوابوں کو پورا کرسکیں۔×

Campaigning Intro

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کی انتخابی مہم عروج پر پہنچ گئی ہے کیونکہ اس کے ختم ہونے میں اب محض2 دن باقی رہ گئے ہیں۔

سبھی سیاسی پارٹیوں کے چوٹی کے لیڈرس ووٹروں کو اپنے حق میں کرنے کے لیے موسم کی پرواہ نہ کرتے ہوئے مختلف حلقوں کا دورہ کر رہے ہیں۔x

PM - Jharkhand

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ رہنما نریندر مودی آج جھارکھنڈ کے Dumka ایئرپورٹ گراؤنڈ میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کریں گے۔ یہ چناؤ ریلی وجے سنکلپ یاترا کا ایک حصہ ہے۔ جناب مودی Dumka پارلیمانی سیٹ سے BJP امیدوار سیتا سورین کی حمایت میں چناؤ ریلی کریں گے۔ وہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سربراہ شیبو سورین کی بہو ہیں اور انھیں JMM کے Nalin Soren کے خلاف انتخابی میدان میں اتارا گیا ہے۔

BJP صدر جے پی نڈّا کل دیوگھر میں تین چناؤ میٹنگوں سے خطاب کریں گے جبکہ کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی 30 مئی کو انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے کے تحت پہلی جون کو جھارکھنڈ کے Santhal خطے کی Godda، دُمکا اور صاحب گنج سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔

2019 کے لوک سبھا انتخابات میں JMM نے اپنی واحد صاحب گنج سیٹ جیتی تھی۔x

UP Last Phase Campaign

اترپردیش میں لوک سبھا انتخابات کے آخری مرحلے کے لیے انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔ اترپردیش کے وزیراعلیٰ اور BJP کے سینئر لیڈر یوگی آدتیہ ناتھ آج گورکھپور اور مرزا پور میں انتخابی مہم کریں گے۔ کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو وارانسی کے موہن سرائے علاقے میں مشترکہ طور پر ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔ وہ Bansgaon لوک سبھا حلقے میں پریوَرتن سنکلپ سبھا سے بھی مشترکہ طور پر خطاب کریں گے۔x

Bihar - Campaign

بہار میں لوک سبھا انتخابات ساتویں اور آخری مرحلے کی انتخابی مہم میں تیزی آگئی ہے۔NDA اور عظیم اتحاد نیز دیگر پارٹیوں کے لیڈر اپنے امیدواروں کی جیت کو یقینی بنانے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔

BJP کے سینئر رہنما اور اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ پاٹلی پتر لوک سبھا حلقوں پٹنہ صاحب میں Fatuha میں، اور Digha میں ایک کے بعد ایک تین ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ اُن کا Arrah لوک سبھا حلقے کے تحت Barhara میں بھی ایک ریلی کرنے کا پروگرام ہے۔

JDU کے صدر اور بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار آج نالندہ پارلیمانی حلقے میں Sarmera سے Nagarnousa تک ایک روڈ شو کریں گے۔ وہ نالندہ پارلیمانی حلقے میں Ashtawan میں ایک عوامی میٹنگ کریں گے۔

اس کے علاوہ RJD لیڈر تیجسوی پرساد یادو بکسر، ساسارام، جہان آباد اور پاٹلی پتر حلقوں میں کئی عوامی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔ وکاس شیل انسان پارٹی کے سربراہ مکیش ساہنی بھی عظیم اتحاد کی حمایت میں ریلیاں کریں گےx۔

HP Hamirpur Constituency Profile

لوک سبھا انتخابات کے لیے اہم حلقوں کی ہماری سیریز کے تحت آج ہم آپ کے لیے ہماچل پردیش کے ہمیر پور پارلیمانی حلقے پر ایک رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

*V/C - Ritesh Kapoor*

*ہماچل پردیش میں ہمیر پور پارلیمانی حلقہ سب سے اہم خیال کیا جاتا ہے، جس میں ہماچل پردیش پانچ اضلاع ہمیرپور، Una، بلاسپور، کانگڑا اور منڈی کے کُل 17 اسمبلی حلقے شامل ہیں۔ اس پارلیمانی حلقے میں ووٹروں کی کُل تعداد ایک کروڑ 43 لاکھ 26 ہزار 36 ہے۔*

*دلچسپ بات یہ ہے کہ مرد رائے دہندگان کے مقابلے خاتون ووٹروں کی تعداد زیادہ ہے۔ BJP اور کانگریس کے درمیان یہاں ہمیشہ ہی راست مقابلہ رہا ہے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے ممتاز رہنما اور اطلاعات و نشریات، نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر خاطر خواہ اکثریت کے ساتھ ہمیر پور پارلیمانی سیٹ 4 مرتبہ جیتی ہے اور اس بار بھی وہ پانچویں مرتبہ*

*اس علاقے سے BJP کے امیدوار ہیں۔ ایک اور دلچسپ بات یہ ہے کہ کانگریس پارٹی نے ہر مرتبہ اور اس بات بھی مختلف امیدواروں کو انوراگ سنھ ٹھاکر کے خلاف میدان میں اتارا ہے۔ کانگریس نے ایک نئے چہرے ست پال رائے زادہ کو اپنے امیدوار کے طور پر متعارف کرایا ہے۔*

*شملہ سے Ritesh کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں حسین اختر۔*

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Goldman Sachs India GDP

عالمی سرمایہ کاری بینک Goldman Sachs نے مالی سال 2024 کے لیے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح نمو میں اضافہ کرکے اس کے چھ اعشاریہ سات فیصد رہنے کا تخمینہ لگایا ہے۔ بینک کی جانب سے جاری کیے گئے حالیہ اعداد و شمار کے مطابق RBI کی جانب سے ڈیوینڈ کی بڑی منتقلی کے سبب پائیدار ترقی کا امکان ہے۔ مالی امور سے متعلق کمپنی نے کہا ہے کہ بھارت میں ترقی کی رفتار مضبوط رہے گی اور بنیادی افراطِ زر اپریل سے جون کے درمیان کم رہنے کی توقع ہے۔

یہ رپورٹ اُسی دن سامنے آئی ہے جب بھارتی موسمیات محکمے نے اِس سال معمول سے زیادہ مانسون کی بارش کی اپنی پیشگوئی کی تصدیق کی ہے، جس سے زرعی شعبے میں پیداوار میں خاطر خواہ اضافے کا امکان ہے ، جو گذشتہ برس ایک جیسا موسم نہ رہنے کی وجہ سے متاثر ہوئی تھی۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ مغرب کی سمت سے ہونے والی موسم کی تبدیلی کی وجہ سے شمال مغربی اور وسطی بھارت کو اگلے 3 دن کے دوران گرمی سے راحت ملے گی۔ IMD کے ڈائرکٹر جنرل Mrutyunjay Mohapatra نے کہا ہے کہ موسم اِس نظام کے تحت شمال مغربی بھارت میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹیں پڑنے کا امکان ہے اور مغربی ہمالیائی خطے میں بارش ہوسکتی ہے۔

*S/B - Mahapatra*

محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے پانچ روز کے دوران کیرالہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں مانسون کیلئے حالات سازگار ہیں۔ مانسون پہلے ہی جنوب، مشرق، مغربی وسطی اور شمال مشرقی خلیج بنگال کے ساتھ ساتھ بحرِ عرب کے کچھ حصوں کی طرف بڑھ چکا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے اِس سال مانسون سیزن کے دوران ملک بھر میں معمول سے زیادہ بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

اسی دوران بنگلہ دیش پر سمندری طوفان Remal، 15 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار کے ساتھ مشرق، شمال مشرق کی طرف بڑھ گیا ہے۔ یہ کل رات بنگلہ دیش پر مرکوز تھا۔ توقع ہے کہ یہ سمندری طوفان آج بتدریج کمزور پڑ جائے گا۔×

NIA Arrests

قومی تحقیقاتی ایجنسیNIA نے انسانوں کو غیر قانونی طور پر لانے لے جانے اور سائبر دھوکہ دہی سے متعلق ایک منظم گروہ کے خلاف اہم کارروائی کرتے ہوئے پانچ افراد کو گرفتار کیا ہے۔ چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں ریاستی پولیس فورسز کے ساتھ مشترکہ کارروائی کے بعد کَل 15 مقامات پر چھاپے مارے گئے تھے۔ وڈودرہ، گوپال گنج، جنوب مغربی دلی، گروگرام اور چنڈی گڑھ سے گرفتار کیے گئے یہ لوگ اُس نیٹ ورک کا حصہ تھے جو بھارتی نوجوانوںکو بیرونِ ملک نوکری کے جھوٹے وعدے کرکے پھنساتے تھے۔

ایک مرتبہ بیرونِ ملک جانے کے بعد متاثرین کو Laos اور کمبوڈیا جیسے مقامات میں فرضی کال سینٹرس میں غیر قانونی سرگرمیوں کے لیے مجبور کیا جاتا تھا۔

اِس کارروائی کے بعد مجرمانہ نوعیت کا سازوسامان جس میں ڈجیٹل آلات، پاسپورٹ اور ملازمت کے فرضی خطوط شامل ہیں، ضبط کیا گیا ہے۔ مختلف ریاستوں میں آٹھ نئی فردِ جرم داخل کی گئی ہیں۔ NIA کی تحقیقات اِس مہینے کے آغاز میں شروع ہوئی تھی جس میں یہ انکشاف ہوا، کہ اِس گروہ کے بڑے بین الاقوامی رابطے تھے، جس سے سرحدوں کے آر پار لوگوں کو لانے لیجانے اور سائبر دھوکہ دہی سے متعلق سرگرمیوں میں آسانی ہوتی تھی۔ اِس سلسلے میں مزید تحقیقات جاری ہے۔x

Health Sec. - WHA

صحت کے مرکزی سکریٹری Apurva Chandra نے کہا ہے کہ بھارت کی بنیادی اقدار اور 'واسودیو کٹمبکم' کی اخلاقیات، عالمی صحت سے متعلق اجلاس (WHA)کے موضوع 'سبھی کیلئے صحت، صحت سبھی کیلئے' سے ہم آہنگ ہیں۔ سوئیٹزر لینڈ کے شہر جنیوا میں صحت کے عالمی اجلاس کے کمیٹی-اے سے خطاب کرتے ہوئے جناب چندرا نے کہا کہ بھارت نے کووڈ-19 عالمی وباء کے دوران دنیا کی مدد کی اور ایک دنیا، ایک کنبے کے جذبے کو اہمیت دی۔ انھوں نے مزید کہا کہ صحت عامہ کے روایتی طور طریقوں پر توجہ مرکوز کرنا جیسے کہ معلومات اور بیداری کے ساتھ ساتھ احتیاطی تدابیر صحت کے بہتر نتائج کی کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔x

Ayush Programme

آیوش کی وزارت نے آیوروید کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ کے ساتھ اشتراک میں نئی دلی میں AIIA کیمپس میں ایک بیداری پروگرام کا اہتمام کیا۔ اِس کا مقصد بیمہ کمپنیوں اور آیوش سے متعلق صحت خدمات فراہم کرنے والوں کو معلومات فراہم کرنا تھا اور اِس میں آیوش اسپتالوں کے مالکان کے ساتھ ساتھ جنرل انشورینس کمپنیوں کے CEOs اور CMD-s نے شرکت کی۔

اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آیوش کے سکریٹری Vaidya Rajesh Kotecha نے کہا کہ یہ آیوش اور بیمہ فراہم کرنے والوں کے لیے ایک تاریخی دن ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس کا مقصد

آیوش سے متعلق علاج و معالجہ تک ہر کسی کی رسائی اور اِس شعبے میں نمایاں ترقی کو یقینی بنانا ہے۔x

Spain – Ukraine - Russia

اسپین نے ایک سمجھوتے کے تحت اِس سال یوکرین کو ایک ارب یورو مالیت کی فوجی امداد فراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ اس معاہدہ پر دستخط کَل میڈرڈ میں یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی اور اسپین کے وزیر اعظم پیڈرو Sanchez کے درمیان کئے گئے تھے۔ اس معاہدے کے تحت برّی، بحری اور فضائی اور دیگر مقاصد کیلئے یوکرین کو جدید فوجی ہتھیار سپلائی کئے جائیں گے۔

اس دوران کَل یوکرین کے جنوبی Mykolaiv خطے میں روس کے ایک حملے میں 2 سویلین ہلاک اور 5 دیگر زخمی ہوگئے۔ جبکہ دوسری جانب کَل روس کے Oryol خطے میں یوکرین کے ایک ڈرون حملے میں ایک شخص ہلاک اور 3 زخمی ہوگئے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں علاقائی گورنرAndrey Klychkov نے کہا ہے کہ ایک حملے میں ڈرون ایک گیس اسٹیشن سے جاٹکرایا، جس سے اُسے کافی نقصان پہنچا اور بعد میں ایک دوسرا ڈرون اُس گیس اسٹیشن پر گِرا، جس سے آگ پر قابو پانے والا اہلکار ہلاک ہوگیا۔x

French Open Tennis

فرینچ اوپن ٹینس میں نامور بھارتی کھلاڑی روہن بوپنا اور Yuki Bhambari جمعے کو فرانس کے شہر پیرس میں مردوں کے ڈبلز کے پہلے راؤنڈ میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ بوپنا اور آسٹریلیا کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Matthew Ebden کی جوڑی کا سامنا فن لینڈ کے Emil Ruusuvuori اور ہنگری کے Marton Fucsovics کی جوڑی سے ہوگا۔ جبکہ کَل Bhambri اور فرانس کے Albano کی جوڑی کا سامنا روس کے Roman Safiullin اور آسٹریلیا کے John Peers کی جوڑی سے ہوگا۔

اس دوران مردوں کے سنگلز کے پہلے راؤنڈ میں بھارت کے Sumit Nagal کو روس کے Karen Khachanov نے دو-چھ، صفر-چھ، چھ-سات سے ہرادیا۔×

Womens Football - Squad

آل انڈیا فٹبال فیڈریشن نے ازبکستان کے خلاف آئندہ 2 بین الاقوامی دوستانہ میچوں کیلئے 23 رکنی، بھارت کی سینئر خواتین ٹیم کا اعلان کردیا ہے۔ اس ٹیم میں 3 گول کیپرس، 8 ڈیفنڈرس، 8 مِڈ فیلڈرس اور 4 فارورڈ کھلاڑی شامل ہیں۔ سابق نیشنل کھلاڑی Langam Chaoba Devi ٹیم کی ہیڈ کوچ ہوں گی۔

بھارتی ٹیم جمعے کو ازبکستان کے خلاف اپنا پہلا میچ کھیلے گی، جبکہ دوسرا میچ 4 جون کو ہوگا۔ دونوں میچ ازبکستان کی راجدھانی تاشقند میں کھیلے جائیں گے۔ بھارتی ٹیم کَل تاشقند کیلئے روانہ ہوجائے گی۔×

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حسین اختر۔

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے اس بیان کو اولیت دی ہے کہ عوام کو روحانیت کی طرف راغب کرنے کے لیے اقدامات بیحد اہم ہیں۔ صدر جمہوریہ نے یہ بات کل برہما کماریوں کے ”صاف اور صحت مند معاشرے کے لیے روحانیت طاقت ہے“ کے موضوع پر منعقد ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئی کہی۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کا یہ بیان بھی اخباروں میں نمایاں ہے کہ ملک میں فٹ نیس کلچر کو فروغ دینے کی ضرورت ہے جس سے ہر بھارتی شہری تندرست اور صحتمند رہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، ملاپ، پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے بنگلہ دیش میں سمندری طوفان سے 7 افراد کی موت اور معمولات زندگی درہم برہم ہونے کی خبر کو پیش کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ کی ایک خبر ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی، سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور کانگریس کے صدر ملک ارجن کھڑگے نے ملک کے پہلے وزیراعظم پنڈت جواہر لال نہرو کو اُن کی 60ویں برسی پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس، انقلاب اور دیگر کئی اخباروں نے گرمی میں اضافہ ہونے اور دلّی میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 46 ڈگری کے سیلسیس کے آس پاس رہنے کے امکان کو ظاہر کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ملاپ نے آندھرا پردیش میں مختلف سڑک حادثات میں 8 افراد کی موت ہونے کی خبر کو پیش کیا ہے۔

★★★

**<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>**

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بدعنوانی کے تئیں حکومت کی قطعی برداشت نہ کرنے کی پالیسی کی بدولت بڑے بدعنوان قانون کا سامنا کررہے ہیں۔

2 لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے سیاسی پارٹیوں نے اپنی مہم تیز کردی ہے۔

3 سرکردہ عالمی مالی بینک Goldman Sachs نے سال 2024 کیلئے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP چھ اعشاریہ 7 فیصد تک رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

4 بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ  شمال مغربی اور وسطی بھارت کو اگلے تین دن میں گرمی سے راحت ملے گی۔

5 اور ٹینس میں:

روہن بوپنا اور Yuki Bhambri آج پیرس میں  فرینچ اوپن کے مردوں کے ڈبلز میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

**اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔**

---------------------------------------